روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 23 جنوری 2009ء 25 محرم 1430 ہجری 23 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 18

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ کی دوستی

دنیا میں کوئی کسی کے ساتھ دوستی پکی کرتا ہے تو دنیا کے لوگ اپنی دوستی کا حق ادا کرتے ہیں۔ وہ کون دوست ہے جس کے ساتھ سلوک کیا جاوے تو وہ بے تعلقی ظاہر کرے۔ ایک چور کے ساتھ ہمارا سچا تعلق ہو تو وہ بھی ہمارے گھر میں نقب زنی نہیں کرتا، تو کیا خدا تعالیٰ کی وفا چور کے برابر بھی نہیں۔ خدا تعالیٰ کی دوستی تو وہ ہے کہ دنیاداروں میں اس کی کوئی نظیر ہی نہیں۔ دنیاداروں کی دوستی میں تو غدر بھی ہے۔ تھوڑی سی رنجش کے ساتھ دنیادار دوستی توڑنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ مگر خدا تعالیٰ کے تعلقات پکے ہیں۔ جو شخص خدا تعالیٰ کے ساتھ دوستی کرتا ہے خدا تعالیٰ اس پر برکات نازل کرتا ہے۔ اس کے گھر میں برکت دیتا ہے۔ اس کے کپڑوں میں برکت دیتا ہے۔ اس کے پس خوردہ میں برکت دیتا ہے۔

بخاری میں ہے کہ نوافل کے ذریعہ سے انسان خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرتا ہے۔ نوافل ہر شئے میں ہوتے ہیں۔ فرض سے بڑھ کر جو کچھ کیا جائے وہ سب نوافل میں داخل ہے۔ جب انسان نوافل میں ترقی کرتا ہے تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کی زبان ہو جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص میرے ولی سے مقابلہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہو جائے۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ سچی محبت کرنے والے بھی غنی، بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ لوگوں کی تکذیب کی کچھ پروا نہیں رکھتے۔ جو لوگ خلقت کی پروا کرتے ہیں وہ خلق کو معبود بناتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے بندوں میں ہمدردی بہت ہوتی ہے۔ مگر ساتھ ہی ایک بے نیازی کی صفت بھی لگی ہوئی ہے۔ وہ دنیا کی پروا نہیں کرتے۔ آگے خدا تعالیٰ کا فضل ہوتا ہے کہ دنیا کھچی ہوئی ان کی طرف چلی آتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 506)

نماز کے دو حصے

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندہ کے درمیان تقسیم کر دیا ہے۔ اس کا نصف میرے لئے ہے اور نصف میرے بندہ کیلئے ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب وجوب قراءۃ الفاتحہ حدیث نمبر:598)

آرتھوپیڈک سرجن کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر لطیف مبشر صاحب آرتھوپیڈک سرجن یوکے سے تشریف لا رہے ہیں وہ مورخہ 25 جنوری 2009ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

امۃ المنان سکالرشپ

(برائے فائن آرٹس)

۞ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے ساتھ امسال نظارت تعلیم کے تحت ایک اور سکالرشپ امۃ المنان سکالرشپ جاری کیا گیا ہے۔ یہ سکالرشپ صرف ان طالبات کے لئے ہوگا جنہوں نے امسال HEC سے منظور شدہ کسی ادارے میں بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ لیا ہو۔ ہر سال دو طالبات کو یہ سکالرشپ دیا جائے گا۔ طالبات سے درخواست ہے کہ وہ سادہ کاغذ پر بنام ناظر تعلیم اپنی درخواست مکرم صدر صاحب/مکرم امیر صاحب کی تصدیق، انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی، بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ کا ثبوت کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو ارسال فرمائیں۔ یہ سکالرشپ صرف طالبات کے لئے ہے۔ درخواست بھجوانے کی تاریخ میں 15 فروری 2009ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ قواعد اور مزید تفصیلی معلومات نظارت تعلیم سے لی جا سکتی ہیں۔

فون نمبر: 047-6212473 (نظارت تعلیم)

داخلہ کمپیوٹر کورس

۞ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ داخلہ کے خواہش مند خدام اپنی درخواستیں دفتر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان میں جمع کروادیں۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

کمپیوٹر انٹروڈکشن

ونڈوز بیسکس، ایم ایس آفس، ان پیج

دورانیہ 1 ماہ   فیس کورس 1000 روپے

(انچارج طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 517

ہمدردی بندگان خدا کے روح پرور نظارے

حضرت ماسٹر احمد حسین صاحب فرید آبادی احمدی صحافت کے حوالہ سے ایک نامور شخصیت ہیں آپ کا بیان ہے کہ

''سردی کا موسم تھا ڈاکیہ خط لایا اور کہنے لگا حضور مجھے سردی لگی ہے آپ مجھے اپنا کوٹ دیں حضرت مسیح موعود اسی وقت اندر گئے اور دو گرم کوٹ لے آئے اور کہنے لگے جو پسند ہو لے لو اس نے کہا مجھے دونوں پسند ہیں تو **حضور نے دونوں دے دیئے''۔**

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 318-317)

ایک دفعہ ایک سوالی دریچے کے نیچے آیا اور ایک کرتا مانگا حضرت مسیح موعود نے اس وقت اپنا کرتا دریچہ سے فقیر کو دے دیا۔

(سیرت المہدی جلد 2 صفحہ 311)

حضرت اقدس مخدوم عالم تھے مگر مخلوق خدا کے خادم اعظم ہونے کی شان بھی آپ کی پوری زندگی میں صاف جھلکتی نظر آتی تھی خود فرماتے ہیں ؎

مرا مقصود و مطلوب و تمنا خدمت خلق است
ہمیں کارم ہمیں بارم، ہمیں رسمم ہمیں راہم
نہ باید مرا یک ذرہ عزتہائے ایں دنیا
منہ از بہر ما کرسی کہ ماموریم خدمت را

نزول وحی کی کیفیت

حضرت ماسٹر مولا بخش صاحب (ریٹائرڈ مدرس مدرسہ احمدیہ (متوفی 10/اگست 1950ء) کی روایت ہے کہ:۔

''ایک دفعہ موسمی تعطیلات میں میں یہاں آیا ہوا تھا۔ تمبر کا مہینہ تھا، سن اور تاریخ یاد نہیں۔ بیت مبارک کی توسیع ہو چکی تھی۔ میں صبح آٹھ بجے بیت مبارک میں اکیلا ہی ٹہل رہا تھا کہ اچانک حضرت مسیح موعود اس کھڑکی سے جو بیت مبارک میں کھلتی ہے تشریف لائے۔ ذرا سی دیر بعد حضرت مولوی نورالدین صاحب خلیفہ اول اور ڈاکٹر یعقوب بیگ صاحب مرحوم یا خواجہ کمال الدین صاحب مرحوم اندرونی سیڑھیوں کی راہ سے بیت میں آ گئے۔ حضرت اقدس بیت کے پرانے حصہ میں کھڑکی سے مشرقی جانب فرش پر تشریف فرما ہوئے اور ان سے باتیں کرنے لگ گئے اور خاکسار آہستہ آہستہ حضرت اقدس کے دست مبارک دبانے لگا۔ باتیں کرتے کرتے آپ کے جسم مبارک میں جھٹکا سا لگا اور سارا بدن کانپ گیا اور میرے ہاتھوں سے آپ کی کلائی چھوٹ گئی۔ آپ فوراً اندر تشریف لے گئے حضرت خلیفہ نے فرمایا کہ یہ نزول وحی کا وقت ہے۔''

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 320)

ربانی واعظوں کو بیش قیمت نصائح

آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

1۔ افضل عمل یہ ہے کہ انسان اپنے مومن بھائی کے دل کو سرور سے بھر دے، اس کا قرض ادا کرے، اس کی ضرورت کی تکمیل کر کے اسے غم سے نجات دے۔

2۔ بہترین اسلام یہ ہے کہ بے تعلق اور بے مقصد باتوں سے قطعی طور پر اجتناب کرے۔

3۔ حسن ظن بہترین عبادت ہے۔

4۔ نعمت کا تذکرہ اور اشاعت بھی شکر میں داخل ہے۔

5۔ جو شخص مومنوں کو برسر عام ایذاء پہنچاتا ہے اس پر خدا کی لعنت واجب ہو جاتی ہے۔

6۔ جس نے کسی ذمی کو تکلیف پہنچائی تو میں بنفس نفیس بروز قیامت اس کے خلاف استغاثہ کروں گا۔

7۔ جو تقویٰ اختیار کرے گا تو اللہ ہر شے پر اس کا رعب جما دے گا۔

8۔ جسے اللہ کی ملاقات محبوب ہے خدا بھی اس سے ملنا پسند کرتا ہے۔

9۔ جس نے میری سنت زندہ کی وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔

10۔ جس نے ایک مومن کی برسر عام تحقیر دیکھی اور باوجود مقدرت کے اس کی کوئی مدد نہ کی تو رب ذوالجلال حشر کے روز تمام خلائق کے سامنے اسے رسوا کرے گا۔

11۔ جس کے ہاتھ کوئی ایک شخص حلقہ بگوش دین ہوا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔

12۔ جو شخص استغفار کرتا رہتا ہے خدا تعالیٰ اسے ہر غم سے نجات بخشتا اور ایسے طریق سے بے حساب رزق مہیا کرتا ہے جس کا اسے گمان بھی نہیں ہوگا۔

13۔ جس نے چالیس دن محض اللہ کے لئے وقف کئے اس کے دل سے حکمت کے چشمے پھوٹیں گے اور اس کی زبان پر جاری ہو جائیں گے۔

(ترجمہ از جامع الصغیر للسیوطی احادیث زیر لفظ من)

☆☆☆

تعارف کتب

سیرت وسوانح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

نام کتاب: سیرت وسوانح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع
مصنف: مکرم محمد افضل متین صاحب معلم وقف جدید
مطبع: عرفان افضل پریس لاہور
صفحات: 389
قیمت: 200 روپے

مصنف کتاب ہذا مکرم محمد افضل متین صاحب چنی گوٹھ ضلع بہاولپور سے تعلق رکھتے ہیں اور 1995ء میں مدرسۃ الظفر سے فارغ التحصیل ہو کر بطور معلم وقف جدید میدان عمل میں خدمات بجا لا رہے ہیں۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی شخصیت ہمہ جہت تھی اور اپنوں اور پرایوں میں یکساں معروف و محبوب تھے۔ جس کسی کا آپ کے ساتھ تعلق رہا۔ اس نے اس موقع کو اپنی زندگی کا یادگار موقع سمجھا۔ آپ کی وفات کے بعد مختلف اخبارات ورسائل میں آپ سے محبت کرنے والوں نے اپنی اپنی بساط کے مطابق گل ہائے عقیدت پیش کئے۔ مصنف کتاب ہذا نے ان جرائد سے نہایت محنت اور محبت سے واقعات تلاش کئے ان کا انتخاب کیا اور مختلف عنوانات کے ساتھ ان بکھرے موتیوں کو مالا کی صورت دے کر کتابی شکل میں شائع کیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خوبصورت، نادر و یادگار تصاویر اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی تصویر بھی اس کتاب کی زینت کا سامان کر رہی ہے۔ چونکہ مختلف کتب، جرائد ورسائل سے انتخاب کیا گیا ہے اور زیادہ تر واقعاتی رنگ میں بیان ہے۔ اس لئے شروع سے لے کر آخر تک دلچسپی قائم رہتی ہے۔

اس کتاب کے شروع میں مختصراً خلافت کی اہمیت اور ضرورت کے ساتھ ساتھ حضور کی خلافت کے بارے میں بشارات اور بچپن کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی سیرت کے مختلف پہلو محبت الٰہی، شوق نماز، قبولیت دعا، عشق قرآن، عشق رسول ﷺ، عشق حضرت مسیح موعود اور آپ کے رفقاء سے محبت واحترام کا تعلق، خلافت سے محبت اور اطاعت کا جذبہ، دوسروں کے جذبات کی پاسداری، حس مزاح، درگزر، ہمدردی خلائق، سخاوت، سادگی، انکساری، مہمان نوازی، بچوں سے شفقت، جذبہ خدمت دین، محنت ومشقت، تربیت اولاد اور بعض دیگر پہلوؤں کو واقعاتی رنگ میں بیان شامل اشاعت ہے۔

نیز حضور انور کے بعض الہامات کا تذکرہ، ربوہ سے ہجرت کا واقعہ اور ساری عمر نازل ہونے والی الٰہی رحمتوں، تائیدات اور افضال کا کسی قدر حصہ کا بیان، کلام طاہر کا کچھ حصہ، ایم ٹی اے اور حضور کا دوران ہجرت ربوہ اور پاکستان کے احمدیوں سے جدائی کے لمحات میں جو درد کی کیفیات تھیں ان کا بیان بھی اس کتاب میں شامل ہے۔

حضور کی آخری بیماری، وفات وتدفین اپنوں اور غیروں اور احمدی شعراء کا خراج تحسین، حضور کی زندگی کا سوانحی خاکہ، تحریکات، خلافت رابعہ میں ہونے والے شہداء کی فہرست، خلافت رابعہ میں پوری ہونے والی پیشگوئیاں اور 21 سالہ دور خلافت کے عظیم کارناموں کا ذکر بھی اس کتاب میں باحسن وخوبی مگر اختصار سے کیا گیا ہے۔

اس کتاب میں جب حضور کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے تو وہاں اس بات کو مدنظر رکھا گیا ہے کہ حضور نے اگر خود اپنی زندگی کے متعلق جو روشنی ڈالی ہے اور بیان فرمایا تھا اس کو بھی جگہ جگہ درج کیا گیا ہے۔ جس سے سیرت کی ان جہتوں کا تعین اور بیان مزید خوبصورت اور روایت معتبر ہو جاتی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خلافت کا آغاز 1982ء میں ہوا اور 1882ء وہ سال ہے جب حضرت مسیح موعود کو ماموریت کا پہلا الہام ہوا تھا اور آپ کے دور خلافت کو بھی حضرت مسیح موعود کے دور سے ایک مشابہت رہی اور ان ادوار میں ہونے والے الہامات آپ کے دور میں بھی اپنی نئی شان کے ساتھ پورے ہوتے رہے۔ اپنے دور خلافت کے اس پہلو کو بیان کرتے ہوئے حضور نے خطبہ جمعہ 11 مارچ 1994ء میں فرمایا۔

ہم وہ خوش نصیب ہیں جو سو سال کے بعد پیدا کئے گئے ہیں۔ اس زمانے میں پیدا کئے گئے ہیں۔ جب مسیح موعود کی سو سالہ تاریخ اول سے آخر تک دہرائی جا رہی ہے۔ وہ ساری برکتیں اللہ تعالیٰ ہمیں عطا فرما رہا ہے۔ میں نے اپنی خلافت کے بعد پہلے خطاب میں جماعت کو متوجہ کیا تھا کہ یاد رکھو یہ غیر معمولی دن ہیں جن میں ہم داخل ہوئے ہیں۔ بیاسی (1882ء) میں پہلا ماموریت کا الہام ہوا ہے حضرت مسیح کو اور بیاسی (1982ء) میں ہی اللہ تعالیٰ نے مجھے قائم فرمایا ہے۔ اس خلافت کے بعد سے وہ ساری تاریخ بیاسی سے لے کر آخر تک دہرائی جا رہی ہے اور دہرائی جائے گی۔ وہ ساری برکتیں جو مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے عطا کرنی شروع کی تھیں یہ اسی دور سے تعلق رکھتی ہیں۔ سب اس میں شریک ہیں۔ میں نہیں، آپ سب وہ ساری جماعت جس کو خدا نے آغاز سے لے کر آخر تک کے لئے ان ساری برکتوں کے لئے چن لیا ہے۔

(روزنامہ الفضل 25 جنوری 2001ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی سیرت وسوانح پر

(بقیہ صفحہ 12 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

مکرم نوید احمد ظفر صاحب

ایٹمی جنگ کے متعلق قرآنی پیشگوئیاں

ہمارے زمانہ کے واقعات اور ایجادات کے بارہ میں قرآن کریم میں بہت سی پیشگوئیاں پائی جاتی ہیں۔ ان میں سے ایک بہت اہم پیشگوئی ایٹمی تباہی کے متعلق پائی جاتی ہے۔ ایٹم بم کے بارہ میں اس وقت یہ پیشگوئی کی گئی تھی جب انسان ایٹم کا ذہن میں خیال بھی نہیں لاسکتا تھا اور تب یہ پیشگوئی کی گئی کہ ایٹم میں کس طرح آگ بند کرکے اس قدر طویل پیمانہ پر تباہی کی جاسکتی ہے۔ یہ سوچ کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے کہ 1400 برس قبل کس قدر تفصیل سے ایٹم اور ایٹمی جنگ کے متعلق پیشگوئی کی گئی۔

سورۃ الھمزہ میں بہت تفصیل سے ایٹم اور ایٹمی تباہ کاری کے متعلق تذکرہ موجود ہے۔ انسان ان آیات کریمہ کو سمجھ ہی نہیں سکتا۔ جب تک اس ایٹمی دور کے حالات اس پر روشن نہ ہوں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''یہ سوال طبعی طور پر اٹھتا ہے کہ چھوٹے سے ذرہ میں آگ کیسے بند کی جاسکتی ہے؟ لازماً اس میں اس آگ کا ذکر ہے جو ایٹم میں بند ہوتی ہے اور لفظ حطمة اور ایٹم (Atom) میں صوتی مشابہت ہے۔ یہ وہ آگ ہے جو دلوں پر لپکے گی اور ان پر لپکنے کے لئے ایسے ستونوں میں بند کی گئی ہے جو کھنچ کر لمبے ہوجائیں گے...... وہ ایٹمی مادہ جس میں یہ آگ بند ہے وہ پھٹنے سے پہلے عمد ممددة کی شکل اختیار کرتا ہے یعنی بڑھتے ہوئے اندرونی دباؤ کی وجہ سے پھیلنے لگتا ہے اور اس کی آگ انسانوں کے بدن جلانے سے پہلے ان کے دلوں پر لپکتی ہے اور انسانوں کی حرکت قلب بند ہو جاتی ہے۔ تمام سائنسدان گواہ ہیں کہ بالکل یہی واقعہ ایٹم بم پھٹنے سے رونما ہوتا ہے۔ اس کے آتش گیر مادہ کے پہنچنے سے پہلے نہایت طاقتور ریڈیائی لہریں دلوں کی حرکت بند کردیتی ہیں''۔

(ترجمۃ القرآن از حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ص1210)

پھر فرماتے ہیں:۔

''مستند عربی لغات میں حطمہ کے دو بنیادی معانی پائے جاتے ہیں۔ ایک حطمہ ہے جس کا مطلب کسی چیز کو پیسنا یا ریزہ ریزہ کرنا ہے دوسرا حطمہ جس کے معنی بے حقیقت سے چھوٹے ذرات کے ہیں۔ گویا حطمہ کسی چیز کو اس کے باریک ترین ذرات میں توڑنے کو کہتے ہیں۔ ان دونوں معانی کا جائز طور پر اطلاق ان باریک ترین ذرات پر ہوسکتا ہے جن کی مزید تقسیم ناممکن ہو''۔

(الہام، عقل، علم اور سچائی ص537 ترجمہ Revelation, Rationality, Knowledge & Truth)

ایک سوال سب کے ذہنوں میں اٹھتا ہے کہ انسان کا بدن جلنے سے پہلے اس کی حرکت قلب بند کیوں ہوجاتی ہے؟ اس کے جواب میں سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ دھماکے کے پھٹنے کے وقت لاتعداد X-Rays، Gamma-Rays اور Neutrons فوراً Release ہوتی ہیں۔ X-Rays بہت تیزی سے درجہ حرارت کو انتہا تک پہنچا دیتی ہیں۔ یہی X-Rays اور Neutrons جب ایک ساتھ آگے پیچھے اور دائیں بائیں حرکت کرتے ہیں تو گرمی حد سے بھی زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ ان کی حرکت کی رفتار Speed of Sound سے بھی کئی گنا زیادہ ہے۔ اس قدر حرارت کے ساتھ جب اس رفتار سے یہ Rays چلتی ہیں تو اپنے راستہ میں ہر چیز کو جلا دیتی ہیں۔ ان X-Rays اور Neutrons سے زیادہ خطرناک، تیز رفتار اور Penetrating، Gamma-Rays ہوتی ہیں جن کی رفتار Speed of Light سے بھی کئی گنا زیادہ ہے۔ یہ لہریں بہت زیادہ Vibrant ہوتی ہیں اسی لئے جب یہ جسم کے اندر داخل ہوجاتی ہیں تو اس Vibration کی وجہ سے حرکت قلب بند ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد سورۃ الدخان جان لیوا بادل کی پیشگوئی پر مشتمل ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''اس جگہ دخان سے مراد ایٹمی دھویں کی طرف بھی اشارہ ہوسکتا ہے۔ جس کے سایہ کے نیچے کوئی چیز بھی محفوظ نہیں رہ سکتی بلکہ طرح طرح کی ہلاکتوں کا شکار ہوجاتی ہے۔ چنانچہ جدید سائنسدانوں کی طرف سے یہ تنبیہ ہے کہ ایٹمی دھوئیں کے سایہ کے نیچے ہر قسم کی زندگی مٹ جائے گی۔ یہاں تک کہ زمین کے اندر دفن جراثیم بھی ہلاک ہوجائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب ایسا ہوگا تب یہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں گے کہ اے اللہ! اس نہایت دردناک عذاب کو ہم سے ٹال دے یہاں یہ پیشگوئی بھی فرمائی کہ اس قسم کا عذاب وقفہ وقفہ سے آئے گا۔ یعنی ایک عالمی جنگ کی ہلاکت خیزیوں کے بعد کچھ عرصہ مہلت دی جائے گی، اس کے بعد پھر اگلی عالمی جنگ نئی ہلاکتیں لے کر آئے گی۔

ان تکالیف کی خبر سورۃ المرسلات میں بھی درج ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

اس سورۃ کے آغاز ہی میں پھر مستقبل کے وہ واقعات جو دور آخرین سے تعلق رکھتے ہیں بیان فرمائے گئے ہیں اور اس زمانہ کی سائنسی ترقی کے ذکر کو گواہ ٹھہرایا گیا ہے کہ جس اللہ نے ان غیبی امور کی خبر دی ہے وہ ہر قسم کے انقلاب برپا کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔

جن آئندہ جنگوں کا ذکر فرمایا ہے ان کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ تین شعبوں والی ہوگی یعنی بری بھی بحری بھی اور فضائی بھی اور آسمان سے ایسے شعلے برسیں گے جو قلعوں سے مشابہ ہوں گے گویا وہ جوگیا رنگ کے اونٹ ہوں گے۔ اس سورۃ نے قطعی طور پر ثابت کردیا کہ یہ باتیں تمثیلی رنگ میں ہورہی ہیں کیونکہ رسول اللہؐ کے زمانہ میں کسی ایسی جنگ کا تصور موجود نہیں تھا جس میں آسمان سے شعلے برسیں۔ اس لئے لازماً یہ اس علیم خبیر ہستی کی طرف سے ایک پیشگوئی ہے جو مستقبل کے حالات بھی جانتا ہے۔ آسمان سے قیامت کے دن تو شعلے نہیں برسائے جائیں گے اس لئے یہ خیال بھی باطل ہوا کہ یہ قیامت کے دن کی خبر ہے۔ یہاں ایک ایٹمی جنگ کی پیشگوئی معلوم ہوتی ہے جس کا ذکر سورۃ الدخان میں بھی ملتا ہے کہ اس دن آسمان ان پر ایسی ریڈیائی لہریں برسائے گا کہ اس کے سایہ تلے وہ ہر امن سے محروم ہوجائیں گے۔ اس کے بعد پھر اخروی زندگی کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ جب ان قرآنی پیشگوئیوں کے مطابق دنیا میں یہ علامتیں ظاہر ہوجائیں تو اس بات پر بھی یقین کرو کہ ایک اخروی زندگی بھی ہے۔ اگر اس دنیا میں تم اللہ کی اطاعت نہیں کروگے تو اس دنیا میں سزا کے طور پر بڑا عذاب مقدر ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ان سب تکالیف کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ یہ خوشخبری بھی دی ہے کہ انسانیت کا وہ گروہ بچایا جائے گا جو خدا کا خوف رکھتے ہیں اور اس کی اطاعت کرتے ہیں۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

''اس افسوسناک پیغام کے ساتھ ساتھ اس سے امید کی ایک کرن بھی پھوٹتی ہے کہ بنی نوع انسان آخرکار بچ کر روشنی کے ایک نئے دور میں داخل ہوں گے۔ انسان اپنے اطوار میں اگر بروقت تبدیلی پیدا نہ کرسکا تو خدا تعالیٰ کے انکار اور اپنی حماقتوں کے نتائج کا کسی قدر مزہ چکھنے کے بعد بالآخر توبہ کرہی لے گا''۔

(الہام، عقل، علم اور سچائی ص546)

ایٹم بم کی تاریخ اور اعداد و شمار کچھ اس طرح ہیں۔

پہلا ایٹم بم امریکہ کی ایک State "Los Alanos" میں بنایا گیا اور اس کا نیومیکسیکو کے ایک صحرا "Alamagordo Desert" میں دھماکہ کیا گیا یہ تجربہ 16 جولائی 1945ء کو کیا گیا۔ اس وقت ایک پادری نے بائبل کی کتاب میں سے یہ فقرہ نقل کیا تھا کہ:

"They've sowed the wind,they shall reap the whirlwind".

یہ ہماری دنیا کی خوش قسمتی ہے کہ ابھی تک صرف دو ایٹم بم جنگ میں استعمال کئے گئے ہیں۔ لیکن اب اس کرہ ارض سے ہر مرد، عورت اور بچہ کو ختم کرنے کے لئے "Super Powers" کے پاس میزائلوں کا ذخیرہ موجود ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ہیروشیما میں 6/اگست 1945ء کو گرائے جانے والے پہلے ایٹم بم سے ایک لاکھ لوگ مرے اور ہزاروں اس کے بعد مختلف Radiations کی وجہ سے مارے گئے۔ تین دن بعد ناگاساکی میں گرائے جانے والے بم سے 70,000 افراد مارے گئے۔ ہیروشیما پر گرائے جانے والے بم کا وزن 4000 کلوگرام تھا اور اس میں 20,000 ٹن High Explosive کے برابر Destructive Power تھی۔ اس کی Explosion زمین سے 300 میٹر کی بلندی پر کی گئی تھی۔ اس طرح اس کو Maximum Effect ملا۔

ہم کو خدا کے پیار کا ہر دم خمار ہے

پاؤں تجھے میں کس طرح دل بے قرار ہے
اپنے عمل کو دیکھ کر دل شرمسار ہے

مجھ پر کئے ہیں تو نے احسان اس طرح
جیسے خزاں پہ آگئی تازہ بہار ہے

پیتے ہیں وہ شراب کہ نشہ میں مست ہوں
ہم کو خدا کے پیار کا ہر دم خمار ہے

دنیا کے پیچھے اس قدر وہ بھاگتے ہیں کیوں
دنیا کی زندگی تو، بالکل بے کار ہے

گر جاودانی زندگی پانے کی ہے طلب
پھر اس قدر کیوں تجھے دنیا سے پیار ہے

ظلم وستم سے باز جو ظالم نہ آئے گا
رکھے وہ یاد اس پہ یہ سارا ادھار ہے

جس نے بھی اپنے آپ کو فرعون بنا لیا
انجام اس کا ہر گھڑی ذلت کی مار ہے

اپنے خدا کے در پہ ہی جھکتے رہو ہمیش
مولیٰ ہی سارے بندوں کا ہر دم حصار ہے

جس کو بنا دے مولیٰ خلیفہ زمین پر
مومن کا دل ہمیشہ ہی اس پر نثار ہے

خواجہ عبدالمومن

مکرم اعجاز احمد کلیم صاحب

رش فاری جھیل ہائیکنگ ٹریک

سطح سمندر سے 4760 میٹر بلند یہ جھیل قدرت کا انمول تحفہ ہے

جغرافیائی اعتبار سے وطن عزیز پاکستان حیرت انگیز تنوعات کی سرزمین ہے ایک طرف وسیع صحرائی خطے اس کی شان وشوکت کا باعث ہیں تو دوسری طرف پانچ ندیوں کی سرزمین پنجاب کے سرسبز وشاداب اور سونا اگلتے میدان اس کی خوبصورتی اور دلکشی کو چار چاند لگا رہے ہیں۔ ایک طرف تاحد نگاہ نہ ختم ہونے والے چمکدار ریتلے ساحلی میدان ہیں جہاں بحیرہ عرب کی بیکراں موجیں صدیوں سے چاند اور سورج کی آنکھ مچولی کو آنکھوں کے دریچوں میں سموئے ہوئے ہیں تو دوسری طرف آسمان سے باتیں کرتے پہاڑوں کی برفوں کے بوجھ سے لدی ان گنت چوٹیاں ہیں جن کو آفتاب کی نرم کرنیں سہلاتی ہیں اور بادل لوریاں سناتے ہیں۔

شمالی پاکستان پربتوں کے شائقین کے لئے کسی جنت سے کم نہیں ان پہاڑوں کے بیچ کسی بھی مقام سے عظیم الجثہ پہاڑ در پہاڑ ایک وسیع سلسلہ ہائے کوہ دیکھا جاسکتا ہے۔ جوں جوں ان پہاڑوں کی دور افتادہ وادیوں میں اترتے چلے جائیں، طالع آزمائی کی ایک نئی دنیا دریافت ہوتی ہے۔ جہاں کلیوں کی بانکپن اپنے جوبن پر ہے اور تتلیاں گل وخوشبو سے اٹکھیلیاں کرتی ہیں۔

ذیل میں ایک ٹریک کی تفصیل پیش کی جارہی ہے۔ جو کہ حسن وفطرت کے دلدادہ لوگوں کے لئے یقیناً دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ یہ ٹریک گلگت میں نگر کے علاقے ہوپر سے شروع ہوتا ہے اور رش جھیل سے گزرتا ہوا اور مختلف راستوں سے ہوتے ہوئے ہوپر کے مقام پر ہی اختتام پذیر ہوتا ہے۔ نگر کے لئے گنیش سے معاً بعد ایک سڑک دائیں طرف الگ ہوتی ہے۔ ڈھول سے اٹی سڑک پر ہسپر کے دریا کے کنارے پانچ کلومیٹر چلنے کے بعد دریا پر ایک پل آتا ہے۔ پل کے بعد ایک زبردست چڑھائی ہے یہاں سے نگر شروع ہوتا ہے نگر کے آخر میں ہوپر کا آخری گاؤں ہے علی آباد (ہنزہ) سے سواری بآسانی دستیاب ہے کرایہ 60 روپے ہے۔

ہوپر میں کئی دیہات شامل ہیں۔ آخر میں ایک بڑی مینڈھ پر رہائش کے لئے بہترین ہوٹل موجود ہیں۔ ان کے عقب میں نیچے ہوپر کا گلیشئر موجود ہے۔ اس گلیشئر کا اختتام 2270 میٹر پر ہوتا ہے۔ بظاہر یہ دنیا کا سب سے کم بلند گلیشئر ہے جو کہ 40o سے 35o جنوبی عرض بلد کے درمیان واقع ہے۔ رش فاری (جھیل) ایک فیروزی جھیل ہے جو وادی ہسپر اور برپو گلیشئر کے درمیان ایک بلند مینڈھ پر 4760 میٹر کی بلندی پر واقع ہے 360 درجے پر ہنزہ کی تمام چوٹیوں کے ناقابل یقین مناظر یہاں سے دیکھے جاسکتے ہیں۔ کے ٹو، براڈ پیک اور گاشا بروم 4 جیسے پہاڑ بھی بعض اوقات دکھائی دے جاتے ہیں۔ ایک خطرہ جو اس ٹریک میں موجود ہے وہ ہے یکدم بلندی پر پہنچ جانا۔ کیونکہ آپ نے صرف دو دن میں تقریباً دو ہزار میٹر سے زیادہ بلندی پر پہنچنا ہے جو کہ صحت کے لئے بہرحال ایک خطرہ ہوسکتا ہے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے کیمپ صرف مخصوص جگہوں پر ہی کیا جاسکتا ہے۔

ہوپر پہنچ کر ''ہوپران'' میں قیام کریں۔ کوشش کریں کہ آپ کو قلی اور گائیڈ نہ لینا پڑے کیونکہ یہ آپ کی جیب کے لئے خاصا بڑا بوجھ ثابت ہوسکتا ہے۔ یہاں قلی کو معاوضہ سٹیج کے حساب سے ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس ٹریک میں کل آٹھ سٹیجز ہیں ہر سٹیج کے کل ساڑھے چار سو روپے ہیں۔ جو کل ملا کر آپ کے سفر کے مجموعی اخراجات سے بھی زیادہ ہوسکتے ہیں۔

پہلا دن ہوپر تا برپچوکور

صبح سویرے اٹھ کر ناشتے کے بعد دعا کے ساتھ اپنے سفر کی شروعات کریں پانی کی بوتلیں بھر لیں اور کنجوسی سے پانی استعمال کریں کیونکہ راستے میں کہیں بھی پانی نہیں ملے گا جو ایک بڑا مسئلہ ہوسکتا ہے۔

''ہوپران'' کے کمپاؤنڈ سے ہی بائیں طرف کی پتھروں کی چھوٹی دیوار کو پار کریں اور آگے بڑھتے ہوئے اس مقام پر آجائیں جہاں آپ نے گلیشئر پر نیچے اترنا ہے۔ ایک واضح پگڈنڈی نیچے گلیشئر کی صرف راہنمائی کرتی ہے۔ اپنے قدموں کو آہستہ رکھنے کی کوشش کریں مٹی اور پتھروں سے بھرا ہوا ہوپر کا گلیشئر نزدیک سے نزدیک تر ہوتا جارہا ہے۔ برفیں قریب سے قریب آرہی ہیں۔ آپ دس سے پندرہ منٹ میں نیچے برف پر پہنچ جائیں گے۔ یہ گلیشئر دراڑوں سے اٹا پڑا ہے مختلف جگہوں پر آگے راستہ بند ملتا ہے واپس پلٹ کر نئے راستے کو تلاش کرنا پڑتا ہے۔ دراڑیں خوفزدہ کرنے والی ہیں لیکن پھر بھی سفر تیزی سے جاری رہتا ہے۔ اس گلیشئر کو مختلف مقامات پر آدھے گھنٹے سے تین گھنٹے میں پار کیا جاسکتا ہے۔ تقریباً ایک گھنٹے میں آپ گلیشئر کے پار پہنچتے ہیں۔ اس دوران کئی بار آپ کو برف پر ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل بھی چڑھائی چڑھنا پڑتی ہے۔ چنانچہ کپڑوں پر کیچڑ کے نشانات واضح طور پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ یاد رہے یہ ضروری نہیں کہ سب کے ساتھ یہ سب کچھ ہو کیونکہ گلیشئر پر ہر روز برفیں ٹوٹتی ہیں اور راستہ بدل جاتا ہے کبھی آسان اور کبھی مشکل۔

ہوپر کا گلیشئر پار کرنے کے بعد ایک واضح پگڈنڈی اوپر کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے اوپر کی طرف بڑھتے چلے جائیں۔ اوپر پہنچ کر مزید آگے بڑھیں یہ جگہ ''ششی کن'' کہلاتی ہے۔ یہاں چھوٹے چھوٹے پتھروں کے بنے ہوئے چند گھر موجود ہیں زیادہ تر گھروں میں لوگوں کے مال مویشی شب بسری کرتے ہیں۔ اس سے آگے کبھی تنگ راستہ ہے تو کبھی واضح اور کھلا۔ بل کھاتے اونچے نیچے راستے پر سفر کرتے ہوئے ایک بار پھر یکدم چڑھائی شروع ہو جاتی ہے سامنے ہی ایک درہ نما جگہ ہے۔ آپ تنگ سی گلی سے گزرتے ہوئے جونہی تھوڑا مزید آگے پہنچتے ہیں۔ سامنے نیچے برپو کا گلیشئر آتا ہے۔ ایک واضح تنگ سا راستہ نیچے کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ چلتے ہوئے گرد اڑتی ہے۔ برپو کا گلیشئر ہوپر کے گلیشئر کی نسبت پار کرنا زیادہ آسان ہے یہ گلیشئر بھی مٹی سے اٹا پڑا ہے اس مٹی میں کہیں کہیں ہریالی کے آثار دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن نم مٹی گیلے پتھر اور جابجا شدید ٹھنڈے پانی کے تالاب اس بات کا پتہ دیتے ہیں کہ آپ کسی گلیشئر پر سفر کر رہے ہیں۔ یہ گلیشئر ترچھے رخ پر چلتے ہوئے آخری حصے سے پار کیا جاتا ہے۔ گلیشئر کے تقریباً درمیان میں پہنچ کر پانی کی خوفناک چنگھاڑیں سنائی دیتی ہیں۔ اچانک ایک چڑھائی چڑھنے کے بعد پرلی طرف ایک خوفناک دراڑ دکھائی دیتی ہے۔ جہاں پانی کی ایک دھار برفوں سے نکل کر پھر برفوں میں گم ہو رہی ہے۔ اس سے آگے پھر پتھریلا اور دھول سے بھرا گلیشئر کا حصہ ہے۔ پتھروں اور مٹی کے بیچ برفیں ٹوٹتی ہیں۔ تڑاقوں کی آوازیں آتی ہیں اور سفر جاری رہتا ہے۔ گلیشئر کے اختتام پر آپ برف سے اتر کر گلیشئر کے کنارے مٹی اور پتھروں سے بنی بڑی دیوار کے بیچ میں سے ایک تنگ گلی میں بائیں طرف اپنے قدموں کو گھسیٹتے ہیں۔ یہاں سے مغربی سمت میں دیران کی چوٹی دکھائی پڑتی ہے۔ جبکہ سپنتک اور التر بالترتیب جنوبی اور شمالی سمت میں دیکھی جاسکتی ہیں۔ مزید آگے کسی قدر چڑھائی آتی ہے۔ لیکن چڑھائی کا زاویہ کم ہونے کی وجہ سے یہ چڑھائی محسوس نہیں ہوتی یہ مقام ''تگافاری'' کہلاتا ہے۔ تگافاری سے آگے راستہ ایک میدان نما جگہ پر لے جاتا ہے یہاں سے رخ بدلتا ہے اور دائیں جانب سفر شروع ہوتا ہے کہیں کہیں گھاس کے قطعات دکھائی دیتے ہیں کہیں کہیں یہ قطعات وسیع وعریض میدانوں کی شکل میں دکھائی دیتے ہیں۔ ان میدانوں کے بیچ جونیپر (درخت کا نام) بھی نظر آتے ہیں جس کے تھوڑے سے سائے میں آپ کبھی کبھی رک کر آرام کرتے ہیں۔ پانی کا ایک گھونٹ دوسرے پر مجبور کرتا ہے لیکن خبردار! پانی کم ہے اور سفر بہت زیادہ۔ گرمی شدت اختیار کرنے لگتی ہے اور پانی کی کمی مشکلات میں اضافے کا باعث بن سکتی ہے۔ دائیں طرف پتھروں اور مٹی کی ایک بلند پہاڑی سی ہے جو اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ اس کے پار برپو کا گلیشئر ہے تھوڑی دیر کا مزید سفر آپ کو برپو گرام لے جائے گا جہاں مویشیوں کے لئے جھونپڑے موجود ہیں یہاں مئی کے مہینے کے بعد پانی ختم ہو جاتا ہے یہاں سے دو راستے پہاڑ کے اوپر کی جانب رینگتے ہیں۔ شمال مشرقی راستہ ہسپر کی وادی کی طرف جبکہ جنوب مشرقی راستہ گٹنز کی جانب راہنمائی کرتا ہے جو کہ رش جھیل کے لئے ایک اور متبادل راستہ ہے۔

برپوگرام کے بعد وادی یکایک سمٹتی ہے اور بڑے جونیپر اور جنگلی گلاب نمودار ہوتے ہیں ہری بھری جھاڑیوں کے درمیان سے گزرتے ہوئے تقریباً مزید ایک گھنٹے میں آپ ''مل ہرائی'' پہنچتے ہیں تھکن دور کرنے کے لئے یہ ایک بہترین جگہ ہے آگے ایک چڑھائی آتی ہے اور تنگ پگڈنڈیوں سے گزرتے ہوئے اور پتھریلے راستوں پر تھکے ہوئے پیروں کو گھسیٹتے ہوئے آپ مزید تھوڑی دیر میں برپچوکور جا پہنچتے ہیں۔

برپچوکور سرسبز وشاداب جگہ ہے۔ جھاڑیوں اور جنگلی گلابوں کے بیچ گھاس کے قطعات پر یہ کیمپ کے لئے بہترین جگہ ہے یہاں پانی دستیاب ہے۔ برپچو کا مطلب ہے ڈھولچی اور کور کا معنی ہے غار یعنی ڈھول بجانے والوں کا غار اس جگہ کی بلندی 3300 میٹر ہے۔ آج آپ نے تقریباً گیارہ کلومیٹر میں پانچ سو دس میٹر بلندی طے کی ہے۔

دوسرا دن
'برپچوکور' تا 'رش جھیل'

آج کا دن پہلے سے لے کر آخری قدم تک مشکلات اور مصائب کو اپنے اندر پوری طرح سموئے ہوئے ہے۔ آپ نے آج تقریباً چودہ سو میٹر کی بلندی طے کرنی ہے جو جسم اور طبیعت دونوں کے لئے ناخوشگوار ہے۔

طلوع آفتاب سے قبل اور ناشتے کے بعد ہنگام سحر کے ابتدائی حصے میں اپنے سفر کی شروعات کریں۔

جب یہ معلوم ہوتا ہے کہ سفر کا آغاز بائیں طرف والے پہاڑ پر چڑھائی سے ہوگا تو پاؤں تلے سے زمین نکل جاتی ہے۔ انسان اپنے آپ کو بے نقط سناتا ہے کیمپ کی جگہ کے ساتھ ہی دو چٹان نما پتھر پڑے ہیں ان کے پیچھے ایک تنگ پگڈنڈی پہاڑ کے اوپر جاتی دکھائی دیتی ہے۔ پہاڑ کی چوٹی ہلکی دھند کی موجودگی میں دکھائی نہیں دیتی اور اگر دکھائی دے بھی جائے تو بہت دور دھندلی سی جو کہ حوصلے کو مزید پست کرنے کے لئے کافی ہے۔ بہرحال سفر کا آغاز ہوتا ہے۔ آہستہ آہستہ چھوٹے قدموں سے آگے بڑھیں اور بڑھتے چلے جائیں ہاں! یہ بات کہنا انتہائی آسان اور کرنا انتہائی مشکل ہے۔ انسان کی تر کی تمام ہو جاتی ہے۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ راستے میں کہیں بھی پانی موجود نہیں ہے جتنا بھی چلو، تھک جاؤ، اس امید میں اوپر دیکھو کہ کافی فاصلہ طے ہو چکا ہوگا لیکن آپ شاید غلط فہمی کا شکار ہیں۔ راستہ اتنا ہی دکھائی پڑتا ہے جتنا کہ نیچے سے نظر

آتا تھا۔ لیکن ایک بات ضرور ہے جو حقیقت ہے کہ باوجود اس کے کہ مسلسل چڑھائی پریشان کررہی ہے اور دشوار گزار راستہ ہے صرف پہاڑ ہی پہاڑ پتھر ہی پتھر مسلسل سفر سے تھکے ماندے پاؤں دھونکنی کی طرح چلتی سانسیں، بایں ہمہ خوشی اس بات کی ہے کہ آپ کا ہر اٹھتا ہوا قدم آپ کو آپ کی منزل کے قریب سے قریب تر کرتا چلا جارہا ہے رش جھیل کا تصور ارمان انگیز ہے اور دیوانگی کو بڑھتا ہے۔ ہاں یہ دیوانگی اور جنون ہی تو ہے کہ آپ نے اس مشکل میں اپنے آپ کو ڈالا۔ بہ ہزار دقت ایک قدم اٹھتا ہے۔ آگے مزید سفر کا تصور سوہان روح ہے اور تردداتْ میں اضافے کا باعث ہے لیکن داد و دہش ملتی ہے برپو اور میار گلیشئر کے عظیم الشان وجود کی صورت میں جس کا منظر قابل دید ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے بہت بڑی شاہراہ ایک بلند پہاڑ سے اترتی ہے اور پہاڑوں کے بیچ ایک تنگ گلی میں اترتی چلی جاتی ہے یہ نظارہ معمولی ہرگز نہیں ہے اسی نظارے کے لئے تو آپ یہاں پہاڑوں کی خاک چھاننے کے لئے چلے آئے ہیں۔ لحظہ بہ لحظہ بلند ہوتا راستہ مسلسل آپ کا امتحان لے رہا ہے کہیں کہیں جونیپر دکھائی پڑتے ہیں۔ شدید ڈھلوان پر اس کی چھاؤں میں کسی پتھر کا سہارا لے کر بیٹھنا شاید دنیا کا سب سے زیادہ آرام دہ کام محسوس ہوتا ہے لیکن آگے جانے کا تصور خوفزدہ ضرور کرتا ہے پھر بھی توقع کی جاسکتی ہے کہ ان بھورے پہاڑوں کے اس پار یقیناً خوبصورت مناظر دیکھنے کو ملیں گے۔ پہاڑ کی چوٹی کو دیکھیں تو ایک جھاڑی کا شائبہ محسوس ہوتا ہے۔ آپ یاس اور ناامیدی سے اس کی طرف دیکھتے ہیں کہ جانے وہاں کبھی پہنچیں گے بھی یا نہیں۔ کئی گھنٹے کا مسلسل سفر آخرکار آپ کو اس جھاڑی کے قریب پہنچا دے گا لیکن یہ کیا یہ تو شاید سراب تھا نظروں کا دھوکا تھا پہاڑ کی چوٹی تو ابھی بھی بہت دور ہے۔ شاید پندرہ منٹ مزید لگیں یا شاید آدھ گھنٹہ نہیں آدھ گھنٹہ نہیں ایک گھنٹہ یا پتہ نہیں کتنی دیر، چلو کبھی تو پہنچ ہی جائیں گے اور آپ ایک بار پھر مزید بلند ہونے لگتے ہیں۔ ذہن سے ساری سوچیں نکل جاتی ہے کانپتی ٹانگوں سے اور بلندیوں کی لطیف ہواؤں میں تیز تیز سانسوں کے ساتھ ایک قدم بھی اٹھانا دوبھر محسوس ہوتا ہے لیکن کیا کریں آگے تو جانا ہی ہے۔ آخرکار وہ وقت آن پہنچا ہے جس کا انتظار تھا اور آپ اپنا پہلا قدم پہاڑ کی چوٹی پر یوں رکھتے ہیں جیسے انسان نے پہلا قدم چاند کی سطح پر رکھا ہوگا اور پہنچتے ہی بس ڈھے جانے کو دل کرتا ہے لیکن آگے کا منظر دلکش ہے اور آگے بڑھنے پر مجبور کرتا ہے سامنے ہی گھاس کے میدان ہیں جن میں بلند ٹیلے ہیں سرسبز و شاداب ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے پیچھے تیسرا ٹیلا۔ جنوب مغربی سمت میں میار کا بلند پہاڑ اور نیچے گرتا ہوا گلیشئر جو اپنے وجود کو برپو گلیشئر کے حوالے کرتے ہوئے اس کے اندر ضم ہوتا چلا جاتا ہے۔

ایک تنگ مینڈھ پر پتلی پگڈنڈی پر آپ اپنا رخ جنوبی سمت کرتے ہوئے چلنا شروع کرتے ہیں یہاں ہوا بہت تیز ہے لہٰذا بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ تیز ہوا کا کوئی جھونکا کسی بھی قسم کی خطرناک صورتحال کو جنم دے سکتا ہے۔ کچھ دیر بعد آپ اس پُرخطر راستے کو خیرباد کہتے ہیں اور گھاس کے میدانوں میں آپ کی آمد ہوتی ہے۔ آپ بلند ٹیلوں پر چلتے جائیں۔ ہر ٹیلا آخری محسوس ہوتا ہے لیکن اس کے بعد دوسرا ٹیلا منتظر ہوتا ہے بلندی اپنا اثر دکھا رہی ہے سر میں ہلکی دکھن کا احساس ہوتا ہے آکسیجن کی کمی ایک الگ مسئلہ ہے ان مسائل سے نبرد آزما ہوتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدموں کے ساتھ آپ ان ٹیلوں پر مزید بلند سے بلند ہوتے چلے جائیں۔ کئی ٹیلے پار کرنے کے بعد اچانک ایک اونچی مینڈھ دکھائی دیتی ہے اس پر چڑھائی چڑھنا جان جوکھوں کا کام ہے جسم کی کیفیت ایسے ہے جیسے کسی نے مار مار کر ہڈیاں توڑ دی ہوں۔ واقعی پہاڑوں کی مار بہت زبردست ہے۔ بے اختیار رونے کو جی چاہتا ہے لیکن کیا کریں اس مینڈھ پر چڑھنا ہی پڑے گا۔ جب آپ اس مینڈھ کے اوپر پہنچتے ہیں تو روح فنا ہو جاتی ہے اس سے آگے اور مینڈھ ہے جو اس مینڈھ سے کئی گنا زیادہ بلند ہے اور دور بڑے بڑے پتھر ہیں جن کے اوپر چڑھ کر یہ چڑھائی چڑھنا ہے۔

یہ جگہ ''چڈن ہرائی'' کہلاتی ہے جس کی بلندی 4440 میٹر ہے یہاں چرواہوں کے چند جھونپڑے موجود ہیں۔ بھیڑ بکریوں کے کئی غول اردگرد دکھائی دیتے ہیں۔ برفانی پہاڑوں کی ایک دیوار سامنے ہے۔ جس میں لیگرسر (7200 میٹر) موبہل سر (7343 میٹر) مالنگٹی سر (7025 میٹر) اور دستاغل سر (7885 میٹر) شامل ہیں۔ اس مقام پر سورج غروب ہونے کا منظر قابل دید ہے۔

یہ چڑھائی دیکھ کر حوصلہ پست ہوتا ہے ذہن مسلسل یہ سوچنے میں مصروف ہے کہ شاید رش جھیل کا سفر صرف کتابوں میں ہی ملتا ہے شاید یہ کوئی فرضی جھیل ہے اور حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں وغیرہ وغیرہ۔ لیکن جھیل کے اتنا قریب پہنچ کر یہ سوچنا درست نہیں۔ تھکے قدموں اور زیروزبر ہوتی سانسوں کے ساتھ آگے بڑھتے جائیں اور بڑھتے ہی چلے جائیں۔ پیروں کی حالت خراب سے خراب تر ہورہی ہے اور آپ جھیل سے قریب سے قریب تر ہورہے ہیں۔ بڑے بڑے پتھر قریب آگئے ہیں ایک پر پاؤں رکھیں پھر دوسرے پر پھر تیسرے پر اور پھر آپ کو عادت ہو جائے گی ایک پتھر ہلتا ہے تو دوسرے کو ہلاتا ہے منہ کے بل گرنے کا خطرہ بہرحال موجود ہے لیکن سدا ایک سا وقت نہیں رہتا یہ مرحلہ بھی بخیروخوبی طے ہو جاتا ہے پتھر چھوٹے ہوتے جاتے ہیں اور آپ مینڈھ کے قریب پہنچ جاتے ہیں کہیں کہیں کیچڑ بھی دکھائی دیتا ہے۔ بیچ میں گھاس بھی ہے اور جونہی آپ مینڈھ کے سب سے بلند درہ نما جگہ پر پہنچتے ہیں تو دوسری جانب کا نظارہ دیکھ کر بجلی کی سی تیزی سے یہ خیال ذہن میں آتا ہے کہ قدرت نے اس جگہ کی تزئین اپنے دست رنگین سے کی ہے ایک سرسبز و شاداب مینڈھ کے پیچھے سے جھانکتی ہوئی گولڈن پیک چمکدار برفوں کے ساتھ موجود ہے یقیناً یہ نظارہ آنکھوں میں کھب جانے والا ہے جوں جوں آگے بڑھتے جائیں مناظر تبدیل ہوتے جاتے ہیں۔

اور......اور جب جھیل پر پہلی نظر پڑتی ہے اس کے پانیوں سے آنکھیں چار ہوتی ہیں تو انسان یکدم ساکت ہو جاتا ہے ہاں! اس کا احترام بہت ضروری ہے یہ تکلیف اور یہ تمام مصیبت اسی کے لئے تھی یہ منظر تو پہلے کہیں نہ دیکھا ایک ایسی جھیل جس کا صرف تصور ہی کیا جاسکتا ہے یا شاید تصور بھی ممکن نہ ہو۔ یقین نہیں ہوتا کہ یہ سامنے ہے نگاہوں کے بالکل سامنے۔ سکتے کی کیفیت سے باہر نکل کر جھیل کے داہنے کنارے چلتے ہوئے جنوب مغربی کنارے پر آئیں 4760 میٹر کی



بلندی پر کیمپ کے لئے مناسب جگہ ہے۔

کچھ دیر آرام اور پیٹ پوجا کے بعد جھیل کے گرد چکر لگائیں۔ ایک لطیف خوشبو فضا میں رچی بسی ہوئی ہے جو اعصاب پر ایک نشہ طاری کر دیتی آغوش گل میں رنگین تتلیوں کے غول قوس قزح کا منظر پیش کرتے ہیں جن خیالی تصویروں کو کبھی آپ نے اپنے تصوروں میں جگہ دی تھی، اپنے ذہن سے رنگ بھرے تھے، ان رنگوں کو پسند کیا تھا اور حقیقت میں شدت سے ان کی کمی کو محسوس کیا تھا شاید وہ یہاں آ کر پوری ہوگئی نرم گھاس کے فرش پر پھول کھلے پڑے ہیں۔ پریوں کی کہانیوں میں پائے جانے والے پھول شاید ایسے ہی ہوتے ہیں داستانوں کے پھولوں کی مانند ان کے شوخ رنگ آنکھوں کو انتہائی بھلے محسوس ہوتے ہیں یقین نہیں آتا کہ رنگ اتنے خوبصورت بھی ہو سکتے ہیں۔

اور جھیل کا پانی...... پانی تو شاید موجود ہی نہیں وہ تو کب کا اپنا وجود کھو چکا، فنا ہو گیا، شاید ان پانیوں نے آسمان کے تمام رنگوں کو اپنے اندر جذب کر لیا ہے اور آسمان کو بے رنگ کر دیا ہے۔ انسان جھیل کو دیکھ کر بے اختیار پکار اٹھتا ہے کہ

وجد میں آئی میری روح تجھے جب دیکھا
رنگ و نگہت کا کوئی سیل رواں ہو جیسے

جوں جوں شام اترتی چلی جاتی ہے رنگ حسین سے حسین تر ہوتے جا رہے ہیں۔ پہاڑوں پر بھورے اور سرخی مائل رنگ کا دور دورہ ہے رنگوں کا یہ تانا بانا کبھی مدھم ہوتا ہے اور کبھی ٹمٹمانے لگتا ہے۔ گہری ہوتی رات جھیل کو اپنے نرم اور ملائم پروں کے سائے میں لے لیتی ہے کسی قسم کی کوئی آواز سنائی نہیں دیتی مکمل سکوت گہرا سناٹا، مانو! یوں محسوس ہوتا ہے کہ خاموشی بھی کچھ سننے کی منتظر ہے۔ شبستان حسن و جمال میں شب بسری کریں رات شدید کپکپی طاری کرنے والی ہے۔ سانس لینا مشکل ہے۔ جب خورشید روشنیوں کا سندیسہ لاتا ہے تو بیدار ہو جائیں صبح کا منظر دیکھ کر آنکھوں کو سکھ اور کلیجے کو ٹھنڈک نصیب ہوتی ہے۔ باد نسیم تھرتھرا رہی ہے۔ یہاں موسم بہار پورے شباب پر ہے۔ پہاڑی ڈھلوانوں پر ہریالی دکھائی دیتی ہے۔ سورج کی ابتدائی کرنوں سے زمین لطف اندوز ہو رہی ہے۔ شاید زندگی نام ہے رنگ، حرارت اور روشنی کا جو یہاں وافر مقدار میں میسر ہے۔

تیسرا دن

رش کی چوٹی واپسی اور برچھوکور براستہ فاہی فاری

رش جھیل کے جنوبی کنارے سے بائیں طرف کی پہاڑی پر چڑھائی شروع کریں۔ چڑھائی مشکل نہیں ہے لیکن آکسیجن کی کمی کی وجہ سے سانس پھولتا ہے گھاس اور پھولوں سے بھری ڈھلوان پر آہستہ آہستہ چلتے ہوئے تقریباً ایک سے ڈیڑھ گھنٹے میں اوپر پہنچ جائیں راستے میں پانی نہیں ہے لہذا پانی ساتھ لے لیں۔ اس جگہ کی بلندی 4938 میٹر ہے یہاں سے دور کے۔ ٹو کی چوٹی دکھائی دیتی ہے (ہمیں صاف موسم کے باوجود دکھائی نہیں دی) یہاں سے شمالی مینڈھ کا انتخاب کریں اور رش کی چوٹی کی چڑھائی شروع کر دیں یہاں چڑھائی بہت مشکل ہے پچھلی چڑھائیوں کو بھول جائیں اور یاد رکھیں کہ

"وہ دن گئے جب خلیل خان فاختہ اڑایا کرتے تھے" مشکلوں سے ہانپتے کانپتے اور پھولی سانسوں کے ساتھ کھڑی چڑھائی چڑھتے ہوئے ڈیڑھ سے دو گھنٹے میں رش کی چوٹی پر پہنچ جائیں۔ یہ 5098 میٹر بلند ہے یہاں سے 360 درجے پر نا قابل یقین تبدیل ہوتے ہوئے مناظر کی مستقل تصویر دکھائی دیتی ہے۔ کے۔ ٹو زیادہ واضح نظر آتی ہے اس کے علاوہ براڈ پیک اور گاشا بروم فور بھی دکھائی دیتی ہیں۔ ہسپر لا سے پرے کے کئی بڑے پہاڑ بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ درحقیقت ہر ایک کو پہچاننا مشکل ہے صرف ایک دھندلا برفانی پہاڑوں کا سلسلہ دکھائی دیتا ہے جس میں ہر پہاڑ کی تمیز کرنا مشکل ہے۔ تھکاوٹ اور آکسیجن کم ہونے کی وجہ سے سر میں درد ہوتا ہے۔ منہ میں عجیب کڑواہٹ گھلی محسوس ہوتی ہے چوٹی پر ہوا بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے اس لئے زیادہ وقت نہیں گزارا جا سکتا اور واپسی کا سفر شروع ہو جاتا ہے نیچے آنا چڑھائی کی نسبت زیادہ مشکل محسوس ہوتا ہے لیکن ہر اٹھنے والا قدم زیادہ بہتر ہے کیونکہ مسلسل کم ہوتی بلندی اکھڑتی سانسوں کو بہتر کر رہی ہے واپسی کا سفر کسی قدر جلدی طے ہو جاتا ہے۔

جھیل پر پہنچ کر اپنی چیزیں سمیٹیں اور واپسی کی راہ لیں آپ کی واپسی ایک مختلف راستے سے ہے۔ جھیل کے جنوب مغربی کنارے سے اترائی شروع کریں۔ بوجھل دل سے جھیل کو الوداع کہیں۔ قدم اٹھانا مشکل ہے یا یوں کہیے کہ جھیل پاؤں پکڑ لیتی ہے کہ آئے بھی اور اتنی جلدی چل بھی دیئے کیا یہی تمہاری محبت تھی؟ چند اٹھتے ہوئے قدم جھیل کو آپ سے دور کر دیتے ہیں۔

جھیل نگاہوں سے اوجھل ہو جاتی ہے کہ جیسے یہ کوئی جھیل نہ ہو سایہ ہو جو ایک لمحے کے لئے آکاش سے دھرتی پر اترا تھا عدم سے وجود میں آیا تھا اب پورے طور پر ختم ہو گیا۔ جھیل پر بیتا ہوا ایک دن شاید ایک دن نہ تھا ایک لمحہ تھا جو چند لمحوں میں فنا ہو گیا۔ من کے قدموں کو گھسیٹتے ہوئے مینڈھ پر افقی سمت میں چلنا شروع کریں۔ تھوڑا سا آگے جا کر نیچے کی طرف اترائی شروع ہوتی ہے۔ سارا رستہ ایک پہاڑی گلی میں دائیں طرف ہے۔ اترائی کا زاویہ بہت زیادہ ہے۔ جس کی وجہ سے گھٹنے اور پیروں کے پنجے شل ہو جاتے ہیں اور رفتار کسی طور بھی کم ہونے میں نہیں آتی لیکن بہت زیادہ سنبھل کر اترنا پڑتا ہے۔ اب چڑھائی کی نسبت اترائی زیادہ مشکل ہے۔ بعض اوقات چند لمحوں کے لئے سانس لینے کے لئے رکنا بھی مشکل لگتا ہے کیونکہ زاویہ ایسا ہے کہ کھڑے نہ ہو سکیں لیکن انعام ملتا ہے سامنے کے گلیشیر کے خوبصورت منظر کی صورت میں ملو بنگ اور راکا پوشی کے سلسلے کے پہاڑ بالکل سامنے ہیں جن پر سے برفیں نیچے تک جھکی پڑی ہیں۔ برفوں کا یہ شکوہ حسن یہ جمال یہ زیبائی یہ تمکنت کہ عقل دیکھتے ہی تو شرمائے۔ کئی جگہوں پر ڈھلوانوں پر گھاس بھی ہے اور جونیپر کے درخت بھی جو اس جگہ کی دلکشی میں اضافے کا باعث ہیں۔

تین سے چار گھنٹے میں آپ رش جھیل سے فاہی فاری پہنچتے ہیں جو 3450 میٹر بلند ہے بعض لوگ یہاں کیمپ کر لیتے ہیں لیکن آپ کی منزل برچھوکور ہے تا کہ اگلے دن کی مسافت کو کم کیا جا سکے۔ یہاں سے آگے راستہ ہموار ہے۔ آپ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ فاہی فاری سے تقریباً 40 منٹ کے بعد آپ "ڈاچی گان" نامی جگہ پر پہنچتے ہیں۔ یہاں پر ایک بڑے چٹان نما پتھر پر ایک پہاڑی بکرے کا نقش کندہ ہے۔ ایک دفعہ اس جگہ مقامی لوگ ایک پہاڑی بکرے کو لے کر آئے تا کہ نگر کا میر اس کو آسانی سے شکار کر سکے۔

"ڈاچی گان" سے ڈیڑھ سے دو گھنٹے میں ہموار میدان میں سفر کرتے ہوئے آپ برچھوکور پہنچتے ہیں۔ اس جگہ پہلے آپ ایک رات گزار چکے ہیں۔

چوتھا دن۔ برچھوکور سے ہوپر

برچھوکور سے ہوپر پانچ سے چھ گھنٹے کا سفر ہے۔ ہموار میدان پھر بر پو کا گلیشیر اور پھر ہوپر کا گلیشیر پار کر کے آپ تھکے قدموں سے ہوپر پہنچتے ہیں۔ ہوپر سے صبح سویرے گلگت کے لئے گاڑی دستیاب ہے۔

رش فاری کا یہ دلچسپ خوبصورت اور دلفریب رنگوں سے پُرٹریک آپ نے کیا ہوپر اور نگر کے خوبصورت گاؤں دیکھے جہاں لوگ مہمان نوازی اور بے لوث و بے غرض خوش اخلاقی جیسی روایات کہن جو ان کو پرکھوں سے ورثے میں ملی ہیں کے امین ہیں جو شہری دنیا کے باسیوں میں عنقاء ہیں۔

یہ بات مبنی حقیقت ہے کہ برفانی پہاڑوں کے مناظر اور رش جھیل کے رنگ آپ کے دماغ کے پردے پر ہمیشہ گلابوں کی طرح کھلے رہیں گے دل پوری طرح ان وادیوں کی جانب کھنچا جائے گا جہاں صبحیں اور شامیں آسمان کے رنگوں میں تبدیلیاں پیدا کرتی ہیں۔ معمولات زندگی سے اکتائے ہوئے دل زار میں ان بھید بھرے کوہ و دمن کے حسن خلوت کو دل و نظر میں سمونے کی خواہش سرشار تموج رہے گی اور ان کی رنگینی و طلسم کے اسرار و رموز ہمیشہ باعث تسکین ثابت ہوں گے۔

یاد رکھئے! پربتوں اور ان دیکھی وادیوں سے محبت ایک گہرے دریا کی مانند ہے جو بہتا رہتا ہے اور بہتا رہے گا جب بھی دماغ کے کسی خوابیدہ گوشے سے رش جھیل کے رنگوں کی یاد چوری چھپے باہر آئے گی تو یکدم خواہ چند ثانیے کے لئے ہی سہی آپ سب غم و فکر سے آزاد ہو جائیں گے کیونکہ...... ایسی یادیں اس چیز سے زیادہ خوبصورت ہوا کرتی ہیں۔ جس چیز کی یاد ہو۔

☆......☆......☆

حفاظت الٰہی کا معجزہ

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:۔
